# خروج: ابواب کا خلاصہ

| | |
|---|---|
| **باب 1** | |
| 1 – 7 آیات | یوسف کی وفات کے بعد بنی اسرائیل کی آبادی میں بیش بہا اِضافہ |
| 8 – 14 آیات | نیا مصری بادشاہ اُنہیں جتنا ستاتا ہے، وہ اُتنے ہی بڑھتے ہیں۔ |
| 15 – 21 آیات | اسرائیلی لڑکوں کو زندہ بچانے کے لئے دائیوں کی خُدا ترسی۔ |
| 22 آیت | فرعون کی طرف سے پیدا ہونے والے لڑکوں کو دریا میں پھینکنے کا حکم ملتا ہے۔ |
| **باب 2** | |
| 1 – 4 آیات | موسی کی پیدائش، اُسے ایک ٹوکری کے اندر دریا میں بہایا جاتا ہے۔ |
| 5 – 6 آیات | موسیٰ کو بچا لیا جاتا ہے اور فرعون کی بیٹی اُس کی پرورش کرتی ہے۔ |
| 7 – 10 آیات | موسیٰ کی ماں ہی کو اُس کی دیکھ بھال کے لئے ملازمت پر رکھ لیا جاتا ہے۔ |
| 11 – 12 آیات | موسیٰ ایک مصری کو قتل کر دیتا ہے۔ |
| 13 – 14 آیات | آپس میں لڑنے پر موسیٰ ایک عبرانی کو ڈانٹتا ہے۔ |
| 15 – 21 آیات | موسیٰ مدیان کو بھاگ جاتا ہے اور صفّورہ سے شادی کرتا ہے۔ |
| 22 آیت | جیرسوم کی پیدائش |
| 23 – 25 آیات | خُدا بنی اسرائیل کا رونا سُنتا ہے۔ |
| **باب 3** | |
| 1 آیت | موسیٰ یترو کی بھیڑیں چراتا ہے۔ |
| 2 – 8 آیات | خُدا موسیٰ پر جلتی جھاڑی میں ظاہر ہوتا ہے۔ |
| 9 – 12 آیات | خُدا موسیٰ کو اسرائیل کو چھڑانے کے لئے بھیجتا ہے۔ |
| 13 – 14 آیات | خُدا کا نام |
| 15 – 19 آیات | خُدا کا اسرائیل اور فرعون کے لئے پیغام، خُدا فرعون کی طرف سے مخالفت کے بارے میں موسیٰ کو پہلے ہی بتا دیتا ہے۔ |
| 20 – 22 آیات | خُدا بنی اسرائیل کی رہائی کی حتمی یقین دہانی کرواتا ہے۔ |
| **باب 4** | |
| 1 – 5 آیات | موسیٰ کا عصا سانپ بن جاتا ہے۔ |
| 6 – 9 آیات | اُس کا ہاتھ کوڑھ زدہ ہو جاتا ہے۔ |
| 10 – 12 آیات | موسیٰ خُدا کے حکم پر مصر میں واپس جانے سے کتراتا ہے۔ |
| 13 – 17 آیات | ہارون کو موسی کا معاون مقرر کیا جاتا ہے۔ |
| 18 – 20 آیات | موسیٰ یترو کے پاس سے رخصت ہوتا ہے۔ |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 21 – 23 آیات | فرعون کے لئے خُدا کا پیغام |
| 24 – 26 آیات | صفورہ اپنے بیٹے کا ختنہ کرتی ہے۔ |
| 27 – 28 آیات | ہارون کو موسیٰ سے ملنے کے لئے بھیجا جاتا ہے۔ |
| 29 – 31 آیات | لوگ موسیٰ اور ہارون کا یقین کرتے ہیں۔ |
| **باب 5** | |
| 1 – 5 آیات | فرعون موسیٰ اور ہارون کے پیغام کی وجہ سے چڑ جاتا ہے۔ |
| 6 – 14 آیات | فرعون اسرائیلیوں کے روزمرہ کے مشقتی کام میں اضافہ کر دیتا ہے۔ |
| 15 -18 آیات | فرعون لوگوں کی شکایت سُن کر نظر انداز کر دیتا ہے۔ |
| 19 -21 آیات | لوگ موسیٰ اور ہارون کے آگے چیختے چلاتے ہیں۔ |
| 22 -23 آیات | موسیٰ خُدا سے شکوہ کرتا ہے۔ |
| **باب 6** | |
| 1 -8 آیات | خُدا اپنے نام کے ساتھ اپنے وعدے کی تجدید کرتا ہے۔ |
| 9 آیت | موسیٰ بنی اسرائیل کی حوصلہ افزائی کرنے کی ناکام کوشش کرتا ہے۔ |
| 10 -13 آیات | موسیٰ اور ہارون کو ایک بار پھر فرعون کے پاس بھیجا جاتا ہے۔ |
| 14 -25 آیات | روبن شمعون اور لاوی کا نسب نامہ، جن میں سے موسیٰ اور ہارون آئے۔ |
| 26 -30 آیات | تاریخ کا خلاصہ۔ |
| **باب 7** | |
| 1 -6 آیات | موسی اور ہارون کی فرعون کے سامنے جانے کے لئے ایک بار پھر حوصلہ افزائی کی جاتی ہے۔ |
| 7 آیت | موسیٰ اور ہارون کی عمریں |
| 8 -10 آیات | ہارون کا عصا سانپ بن جاتا ہے۔ |
| 11 -12 آیات | جادوگروں کے عصے بھی سانپ بن جاتے ہیں لیکن ہارون کا عصا اُنہیں نگل جاتا ہے۔ |
| 13 آیت | فرعون کا دِل سخت کر دیا جاتا ہے۔ |
| 14 -18 آیات | فرعون کے لئے خُدا کا پیغام |
| 19 -25 آیات | دریا کا خون میں تبدیل ہونا اور اُس کے نتیجے میں مصریوں کی پریشانی۔ |
| **باب 8** | |
| 1 -7 آیات | مینڈک بھیجے جاتے ہیں۔ |
| 8 -15 آیات | فرعون موسیٰ سے بات کرتا ہے، اور وہ دُعا کے ذریعے مینڈکوں کو دُور کرتا ہے۔ |
| 16 -19 آیات | گرد جوئیں بن جاتی ہے، مصری جادوگر ایسا کرنے میں ناکام ہوتے ہیں۔ |
| 20 -24 آیات | مچھروں کی آفت |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 25- 32آیات | فرعون بنی اسرائیل کو بھیجنے کے لئے کسی حد تک تیار ہوتا ہے۔ لیکن اُس کا دِل پھر سخت ہو جاتا ہے۔ |
| **باب 9** | |
| 1- 7آیات | مویشیوں میں مَری |
| 8- 12آیات | پھوڑوں اور پھپھولوں کی آفت |
| 13- 21آیات | اَولوں کی آفت کے بارے میں موسیٰ کا پیغام |
| 22- 26آیات | اَولوں کی آفت |
| 27- 35آیات | فرعون موسیٰ کے سامنے اپنی غلطی کا اقرار کر کے مدد مانگتا ہے لیکن اپنا دل پھر سخت کر لیتا ہے۔ |
| **باب 10** | |
| 1- 6آیات | خُدا ٹڈیوں کی آفت بھیجنے کے بارے میں آگاہی دیتا ہے۔ |
| 7- 11آیات | فرعون کے خادم اُسے قائل کرتے ہیں اور وہ اسرائیلیوں کو عبادت کے لئے بھیجنے کے لئے راضی ہو جاتا ہے۔ |
| 12- 15آیات | ٹڈیوں کی آفت |
| 16- 20آیات | فرعون موسیٰ سے مدد کی درخواست کرتا ہے۔ |
| 21- 23آیات | تاریکی کی آفت |
| 24- 29آیات | فرعون ایک بار پھر موسیٰ سے التجا کرتا ہے لیکن اُس کا دل پھر سخت ہو جاتا ہے۔ |
| **باب 11** | |
| 1- 3آیات | خُدا اسرائیلیوں کو حکم دیتا ہے کہ وہ اپنے ہمسائیوں سے زیورات وغیرہ اُدھار لے لیں۔ |
| 4- 10آیات | موسیٰ فرعون کو پہلوٹھوں کی ہلاکت کے بارے میں خبر دار کرتا ہے۔ |
| **باب 12** | |
| 1- 2آیات | سال کے آغاز کو تبدیل کیا جاتا ہے۔ |
| 3- 10 آیات | فسح کا قیام |
| 11- 14 آیات | فسح کی رسم کے بارے میں خصوصی ہدایات |
| 15- 28 آیات | بے خمیری روٹی وغیرہ |
| 29- 30 آیات | پہلوٹھوں کو مارا جاتا ہے۔ |
| 31- 36 آیات | اسرائیلیوں کو مصر کی سرزمین سے باہر نکالا جاتا ہے۔ |
| 37- 40 آیات | وہ سکات تک کا سفر کرتے ہیں۔ |
| 41- 42 آیات | اسرائیل کے مصر میں قیام کا دورانیہ |
| 43- 51 آیات | فسح کا قیام اور ہدایات |
| **باب 13** | |
| 1- 2آیات | پہلوٹھوں کا مقدس ٹھہرا جانا |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 3-10 آیات | فسح کی یادگار منانے کا حکم |
| 11-16 آیات | پہلوٹھوں کو الگ کرنے کا حکم۔ |
| 17-19 آیات | اسرائیلی مصر سے جاتے ہوئے یوسف کی ہڈیوں کو لے جاتے ہیں۔ |
| 20 آیت آیات | اسرائیلی ایتام کے مقام پر پہنچتے ہیں۔ |
| 21-20 آیات | خُدا آگ اور بادل کے ستون میں ہو کر اسرائیلیوں کی رہنمائی کرتا ہے۔ |
| **باب 14** | |
| 1-4 آیات | خُدا سفر کے حوالے سے اسرائیلیوں کو ہدایت دیتا ہے۔ |
| 5-9 آیات | فرعون اسرائیلیوں کا پیچھا کرتا ہے۔ |
| 10-12 آیات | اسرائیلی بُڑبڑاتے ہیں۔ |
| 13-14 آیات | موسیٰ اسرائیلیوں کو تسلی دیتا ہے۔ |
| 15-18 آیات | خُدا موسیٰ کو خاص ہدایات دیتا ہے۔ |
| 19-20 آیات | بادل کا ستون اسرائیلی لشکر کے پیچھے آجاتا ہے۔ |
| 21-31 آیات | اسرائیلی بحر قلزم میں سے ہو گُزرتے ہیں جبکہ مصری اُس میں ڈوب جاتے ہیں۔ |
| **باب 15** | |
| 1-21 آیات | عظیم خلاصی کے لیے، موسیٰ مریم اور اسرائیل کا گیت |
| 22 آیت | بیابان میں لوگوں کے لئے پانی کی کمی۔ |
| 23-26 آیات | مارہ کے مقام پر کڑوا پانی، لوگوں کا بُڑبڑانا اور موسیٰ کا خُدا کی ہدایت کے مطابق پانی کو میٹھا کرنا۔ |
| 27 آیت | بنی اسرائیل کا ایلیم کے مقام پر قیام جہاں بارہ چشمے اور ستر کھجور کے درخت تھے۔ |
| **باب 16** | |
| 1-3 آیات | اسرائیلیوں کا سین کے مقام پر پہنچنا، خوراک کی کمی اور لوگوں کا بُڑبڑانا۔ |
| 4-12 آیات | خُدا کا اسرائیل کے ساتھ آسمان سے روٹی اور گوشت مہیا کرنے کا وعدہ، اور خُدا کا بنی اسرائیل کو ڈانٹنا۔ |
| 13-15 آیات | بٹیر اور من کا مہیا کیا جانا |
| 16-24 آیات | من کے بارے میں اہم حکم |
| 25-31 آیات | من سبت کو نہ ملے گا۔ |
| 32-36 آیات | من کا ایک اومر محفوظ کرنے کی ہدایت |
| **باب 17** | |
| 1-5 آیات | لوگوں کا رفیدیم کے مقام پر پانی کے لئے بُڑبڑانا |
| 6 آیت | خُدا اُنہیں پانی کے لئے حورب کی چٹان کے پاس بھیجتا ہے۔ |
| 7 آیت | اُس مقام کا نام مسّہ اور مریبہ رکھا جاتا ہے۔ |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 8- 13 آیات | موسیٰ اپنا عصا اُٹھائے رکھتا ہے جبکہ یشوع عمالیقیوں کے خلاف لڑائی میں فتح حاصل کرتا ہے۔ |
| 14- 16 آیات | عمالیق کی حتمی ہلاکت کی پیشن گوئی، موسیٰ قُربان گاہ بناتا ہے اور اُس کا نام یہواہ نسی رکھتا ہے۔ |
| باب 18 | |
| 1- 6 آیات | یترو موسیٰ کی بیوی اور بچوں کو اُس کے پاس لاتا ہے۔ |
| 7- 8 آیات | موسیٰ اپنے سُسر کی خاطر مدارت کرتا ہے اور اُس کے سامنے خُداوند کی بھلائی کا بیان کرتا ہے۔ |
| 9- 12 آیات | یترو خوش ہوتا ہے خُدا کی ستائش کرتا ہے، سوختنی قُربانی اور ذبیحے چڑھاتا ہے۔ |
| 13- 26 آیات | یترو موسیٰ کو اہم مشورہ دیتا ہے جسے قبول کر لیا جاتا ہے۔ |
| 27 آیت | یترو کی واپس روانگی۔ |
| باب 19 | |
| 1- 2 آیات | لوگ سینا کے بیابان میں پہنچتے ہیں۔ |
| 3- 7 آیات | پہاڑ پر سے موسیٰ کے ذریعے لوگوں کو خُدا کا پیغام |
| 8 آیت آیات | لوگوں کا جواب اور موسیٰ کا پہاڑ پر دوبارہ جانا۔ |
| 9- 11 آیات | لوگوں کو تیسرے دن خُدا سے ملاقات کی تیاری کا حکم |
| 12- 15 آیات | لوگوں کو پہاڑ کے قریب جانے یا اُسے چھونے سے منع کیا جاتا ہے |
| 16- 25 آیات | خُدا کی پہاڑ پر سے خوفزدہ کر دینے والی حضوری |
| باب 20 | |
| 1- 17 آیات | خُدا کی طرف سے دس احکام کا دیا جانا |
| 18- 20 آیات | لوگوں کا خوفزدہ ہونا اور موسیٰ کا اُنہیں تسلی دینا |
| 21- 22 آیات | بُت پرستی کو ترک کرنے کا حکم |
| 23- 26 آیات | قُربانگاہ بنانے کے بارے میں ہدایت |
| باب 21 | |
| 1- 4 آیات | مرد غلاموں کے بارے میں احکام اور قوانین۔ |
| 5- 6 آیات | جس غلام کا کان چھیدا جائے اُس کے بارے میں قوانین واحکام |
| 7- 11 آیات | لونڈیوں کے بارے میں قوانین واحکام |
| 12- 15 آیات | قاتل کے بارے میں قوانین واحکام |
| 16 آیت | چور کے بارے میں قوانین واحکام |
| 17 آیت | اپنے ماں باپ پر لعن طعن کرنے والے کے بارے میں قوانین واحکام |
| 18-21 آیات | لڑائی میں کسی کو چوٹ پہنچانے والے شخص کے بارے میں قوانین واحکام |
| 22- 27 آیات | حادثاتی طور پر کسی کو چوٹ لگنے کے بارے میں قوانین واحکام |

Copyright©2020 reserved



| | |
|---|---|
| 28- 32 آیات | سینگ مارنے والے بیل کے بارے میں قوانین واحکام |
| 33- 36 آیات | جس مقام یا موقع پر کسی کا نقصان ہو اُس کے بارے میں قوانین واحکام |
| باب 22 | |
| 1- 4 آیات | چوری کے بارے میں حکم |
| 5- 6 آیات | کسی کا نقصان کرنے والے کے بارے میں حکم |
| 7- 13 آیات | مختلف طرح کے نقصان کے بارے میں حکم |
| 14- 15 آیات | کچھ اُدھار لینے کے بارے میں حکم |
| 16- 17 آیات | بدکاری جیسے گناہ کے بارے میں حکم |
| 18 آیت | جادوگری کے بارے میں حکم |
| 19 آیت | جانوروں کے ساتھ بدکاری کرنے کے بارے میں حکم |
| 20 آیت | بُت پرستی کے بارے میں حکم |
| 21- 24 آیات | مسافروں، بیواؤں اور یتیموں کے بارے میں حکم |
| 25 آیت | سود کے بارے میں حکم |
| 26- 27 آیات | رہن یا گروی کے بارے میں حکم |
| 28 آیت | قوم کے سردار کے بارے میں حکم۔ |
| 29-30 آیات | پہلے پھلوں اور پہلوٹھوں کے بارے میں حکم |
| 31 آیت | درندے کے پھاڑے ہوئے جانور کے گوشت کے بارے میں حکم |
| باب 23 | |
| 1- 3 آیات | جھوٹی بات پھیلانے جھوٹی گواہی دینے اور طرفداری کرنے جیسے عمل کے بارے میں حکم |
| 4- 5 آیات | سخاوت اور بھلائی کے بارے میں حکم |
| 6- 7 آیات | مقدموں اور انصاف کے بارے میں حکم |
| 8 آیت | رشوت کے بارے میں حکم |
| 9 آیت | پردیسیوں کے ساتھ سلوک کے بارے میں حکم |
| 10- 11 آیات | آرام کے سال کے بارے میں حکم |
| 12 آیت | سبت کے بارے میں حکم |
| 13 آیت | بُت پرستی کے بارے میں حکم |
| 14- 17 آیات | تین عیدوں کے بارے میں حکم |
| 18- 19 آیات | ذبیحے کے خون اور چربی کے بارے میں حکم |
| 20- 33 آیات | اگر اسرائیل خُدا کی تابعداری کرے تو اُن کی رہنمائی کے لئے ایک فرشتے کا وعدہ |
| باب 24 | |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 1- 2آیات | موسیٰ کا پہاڑ پر بُلایا جانا |
| 3آیت | لوگوں کا خُدا کی فرمانبر داری کرنے کا وعدہ |
| 4-5آیات | موسیٰ ایک قُربان گاہ اور بارہ ستون بناتا ہے۔ |
| 6- 8آیات | موسیٰ عہد کا خون چھڑکتا ہے۔ |
| 9- 13آیات | خُدا کے جلال کا ظہور |
| 14آیت | ہارون اور حور کو لوگوں کی دیکھ بال کی ذمہ داری دی جاتی ہے۔ |
| 15- 18آیات | موسیٰ چالیس دِن اور چالیس رات کے لئے پہاڑ پر چلا جاتا ہے۔ |
| **باب 25** | |
| 1- 9آیات | بنی اسرائیل کو مسکن کی تیاری کے لئے نذریں لانے کا حکم |
| 10- 16آیات | عہد کے صندوق کی بناوٹ کا نمونہ |
| 17- 22آیات | کروبیوں کے ساتھ سرپوش کا نمونہ |
| 23- 30آیات | نذر کی روٹیوں کی میز اور دیگر فرنیچر کا نمونہ |
| 31- 40آیات | سونے کا شمعدان اور دیگر اشیا |
| **باب 26** | |
| 1- 6آیات | مسکن کے لئے دس پردے |
| 7- 14آیات | بکری کے بالوں کے پردے؛ مینڈھوں اور تخسوں کی کھالوں کے غلاف |
| 15- 30آیات | مسکن کے لئے خاص تختے، اُن کے بینڈے اور چولیں۔ |
| 31- 35آیات | شہادت کے صندوق کا پردہ |
| 36- 37آیات | دروازے کے لئے پردہ |
| **باب 27** | |
| 1- 8آیات | قُربانگاہ کا نمونہ، اور ظروف |
| 9- 17آیات | مسکن کا صحن اُس کے پردے اور ستون |
| 18- 19آیات | مسکن کے صحن کی لمبائی چوڑائی اور پیتل کی اشیاء |
| 20- 21آیات | چراغ کے لئے مقدس تیل |
| **باب 28** | |
| 1آیت | ہارون اور اُس کے بیٹوں کو کہانتی خدمت کے لئے علیحدہ کیا جاتا ہے۔ |
| 2- 5آیات | کاہنوں کے لئے مقدس لباس |
| 6- 14آیات | افود اور کمر بند |
| 15- 29آیات | بارہ قیمتی پتھروں کے ساتھ سینہ بند |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 30 آیت آیات | اُوریم اور تُمیم |
| 31-35 آیات | انار اور گھنٹیوں کے ساتھ افود کا جُبہ |
| 36-38 آیات | خالص سونے کا ایک پتر |
| 39 آیت | بیل بوٹوں والا ایک عمامہ |
| 40-43 آیات | ہارون اور اُس کے بیٹوں کا لباس |
| باب 29 | |
| 1-37 آیات | کاہنوں کو پاک اور مخصوص کرنے کی رسم، قُربانی اور قُربانگاہ |
| 38-44 آیات | آتشین قُربانی |
| 45-46 آیات | خُداوند خُدا کا بنی اسرائیل کے درمیان سکونت کرنے کا وعدہ |
| باب 30 | |
| 1-10 آیات | بخور جلانے کے لئے قُربانگاہ |
| 11-16 آیات | جانوں کا فدیہ |
| 17-21 آیات | پیتل کا حوض |
| 22-33 آیات | مسح کرنے کا تیل |
| 34-38 آیات | پاک بخور کے مرکبات |
| باب 31 | |
| 1-11 آیات | بضلی ایل اور اہلیاب کو مسکن کے مخصوص کاموں کے لئے چُنا اور مقرر کیا جاتا ہے۔ |
| 12-17 آیات | سبت کو ماننے کا ایک بار پھر حکم دیا جاتا ہے۔ |
| 18 آیت | موسیٰ کو خُدا کے ہاتھ کی لکھی ہوئی دو لوحیں دی جاتی ہیں۔ |
| باب 32 | |
| 1-6 آیات | موسیٰ کی غیر موجودگی میں لوگ ہارون کو ایک بچھڑا بنانے پر مجبور کرتے ہیں۔ |
| 7-14 آیات | خُدا موسیٰ کو بنی اسرائیل کے اُس کام کے بارے میں آگاہ کرتا ہے، موسیٰ بنی اسرائیل قوم کے لئے شفاعت کرتا ہے۔ |
| 15-18 آیات | موسیٰ پتھر کی لوحوں کے ساتھ پہاڑ سے نیچے آتا ہے۔ |
| 19 آیت | وہ پتھر کی لوحوں کو توڑ ڈالتا ہے۔ |
| 20-21 آیات | موسیٰ بچھڑے کو تباہ کرتا ہے۔ |
| 22-24 آیات | ہارون یہ سب کرنے کا الزام لوگوں کو دیتا ہے۔ |
| 25-29 آیات | موسیٰ بُت پرستی کرنے والوں کو قتل کرواتا ہے۔ |
| 30-35 آیات | موسیٰ لوگوں کے لئے دُعا کرتا ہے۔ |
| باب 33 | |



Copyright©2020 reserved



| | |
|---|---|
| 1-3 آیات | خُدا لوگوں کے آگے چلنے سے انکار کرتا ہے۔ |
| 4-6 آیات | لوگ اِس بات کی وجہ سے آہ و نالہ کرتے ہیں۔ |
| 7-8 آیات | خیمہ اجتماع کو لشکر گاہ سے باہر لے جایا جاتا ہے۔ |
| 9-11 آیات | خُدا موسیٰ سے ایک دوست کی طرح کلام کرتا ہے۔ |
| 12-13 آیات | موسیٰ اپنی شفاعت میں اقرار کرتا ہے کہ خُدا اسرائیل کے ساتھ چلے، خُدا موسیٰ کی شفاعت کو قبول کرتا ہے۔ |
| **باب 34** | |
| 1-4 آیات | پتھر کی لوحیں دوبارہ بنائی جاتی ہیں۔ |
| 5-7 آیات | خُدا کے نام کا اعلان کیا جاتا ہے۔ |
| 8-9 آیات | موسیٰ خُدا سے التجا کرتا ہے کہ وہ اُن کے ساتھ چلے۔ |
| 10-27 آیات | خُدا اُن کے ساتھ ایک عہد باندھتا ہے اور پہلی لوح کے احکامات میں سے کچھ کو دہراتا ہے۔ |
| 28 آیت | موسیٰ چالیس دن پہاڑ پر گزارنے کے بعد نیچے آتا ہے۔ |
| 29-35 آیات | موسیٰ کا چہرا چمکتا ہے اور وہ اُسے نقاب میں چھپاتا ہے۔ |
| **باب 35** | |
| 1-3 آیات | سبت کو منانے کا حکم |
| 4-19 آیات | مسکن کی تعمیر کے لیے تحائف و ہدیہ جات لانے کی ہدایت |
| 20-29 آیات | لوگوں کی مسکن کی تعمیر کے لئے تحائف دینے کی رغبت |
| 30-35 آیات | بضلی ایل اور اہلیاب کو کام کے لئے بُلایا جاتا ہے۔ |
| **باب 36** | |
| 1-3 آیات | ہدیہ جات کام کرنے والوں کے سپرد کیے جاتے ہیں۔ |
| 4-7 آیات | لوگوں کو مزید ہدیہ جات دینے سے منع کیا جاتا ہے۔ |
| 8-13 آیات | کڑھے ہوئے کروبیوں والے پردے |
| 14-18 آیات | بکری کے بالوں کے پردے |
| 19 آیت | مینڈھوں کی کھالوں کا غلاف |
| 20-30 آیات | تختے اور چولیں |
| 31-34 آیات | مسکن کے تختوں کے بینڈھے |
| 35-36 آیات | درمیانی پردہ |
| 37-38 آیات | خیمہ گاہ کے دروازے کے لئے پردہ |
| **باب 37** | |
| 1-9 آیات | عہد کا صندوق، اُس کا سرپوش اور کروبی بنائے جاتے ہیں۔ |



Copyright©2020 reserved

| | |
|---|---|
| 10- 16 آیات | نذر کی روٹی کی میز اور برتن |
| 17- 24 آیات | شمعدان اور اُس کے متعلقہ چیزیں |
| 25- 28 آیات | بخور جلانے کی قربان گاہ |
| 29-37 آیات | مسح کرنے کا پاک تیل اور خوشبودار مصالح |
| باب 38 | |
| 1- 7 آیات | سوختنی قُربانی کا مذبح |
| 8 آیت | پیتل کا حوض |
| 9- 20 آیات | صحن اور اُس کے پردے |
| 21- 31 آیات | لوگوں کے لائے ہوئے ہدیہ جات اور اُن کے استعمال کی تفصیل |
| باب 39 | |
| 1 آیت | مُقدس خدمت کے لئے مُقدس لباس۔ |
| 2- 7 آیات | افود |
| 8- 21 آیات | سینہ بند |
| 22- 26 آیات | افود کا جُبہ |
| 27- 29 آیات | کُرتے، عمامے، پگڑیاں، پاجامے۔ |
| 30- 31 آیات | مُقدس تاج کا پتر |
| 32- 43 آیات | تمام کام کی تکمیل، جائزہ اور موسیٰ کی طرف سے برکت۔ |
| باب 40 | |
| 1- 12 آیات | خیمہ اجتماع کے مسکن کا کھڑا اور تیار کیا جانا، اُسے سجایا جانا، اور اُس کی مخصوصیت |
| 13- 15 آیات | ہارون اور اُس کے بیٹوں کو مسح کیا جانا |
| 16- 33 آیات | موسیٰ سب چیزیں خُدا کے حکم کے مطابق کرتا ہے۔ |
| 34- 38 آیات | خیمہ اجتماع پر خُدا کا ابر چھاتا ہے۔ |



Copyright©2020 reserved